CAREERINDIA

**SET-2**

**Series : GBM/1/C**

کوڈ نمبر
**Code No. 255/1/2**

**Roll No.** | | | | | | | | رول نمبر

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- آپ جانچ کر لیجئے کہ اس پرچہ میں چھپے ہوئے صفحات کی تعداد **8** ہے اور نقشوں کے صفحات کی تعداد **2** ہے۔
- پرچہ کے دائیں طرف چھپے کوڈ نمبر کو طالب علم جواب کاپی کے اوپری صفحہ پر لکھینگے۔
- آپ جانچ لیجئے کہ پرچہ میں 22 سوال ہیں۔
- **کِسی سوال کا جواب لکھنا شروع کرنے سے پہلے اُسکا سلسلہ نمبر کاپی میں لکھ دیجئے۔**
- آپ کو سوالوں کے پرچہ کو پڑھنے کے لیئے 15 منٹ کا مزید وقت دیا گیا ہے۔ پرچہ 10 بجکر 15 منٹ تک طلبا میں بانٹ دیا جائیگا۔ 10 بجکر 15 منٹ سے 10 بجکر 30 منٹ تک طلبا پرچہ کو فقط پڑھینگے اور اِس دوران میں وہ جواب کاپی میں کوئی جواب نہیں لکھینگے۔

- Please check that this question paper contains **8** printed pages + **2** pages of maps.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **22** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

www.careerindia.com

# جُغرافیہ (علم الارض)
# GEOGRAPHY (Theory)

مقررہ وقت : 3 گھنٹے
*Time allowed : 3 hours*

کُل نمبر : 70
*Maximum marks : 70*

**عام ہدایات :**

*(i)* اِس پرچہ میں کُل 22 سوال ہیں۔

*(ii)* سبھی سوال لازمی ہیں۔

CAREERINDIA

(iii) سوال نمبر 1 سے 7 تک کے سوال بہت چھوٹے جواب والے ہیں۔ اِن میں سے ہر ایک سوال 1 نمبر کا ہے۔ ان سوالوں کا جواب فی سوال 40 الفاظ سے زیادہ نہ ہو۔

(iv) سوال نمبر 8 تا 13 تک کے سوال چھوٹے جواب والے ہیں۔ اِن میں سے ہر سوال 3 نمبر کا ہے۔ ان سوالوں کا جواب فی سوال 80 سے 100 الفاظ تک ہوسکتا ہے۔

(v) سوال نمبر 14 سے 20 تک کے سوال لمبے جواب والے ہیں۔ ان میں سے ہر سوال 5 نمبر کا ہے۔ ان سوالوں کا جواب فی سوال 150 الفاظ سے زیادہ نہ ہو۔

(vi) سوال نمبر 21 اور 22 تک جغرافیائی خصوصیات کو پہچاننے، محل وقوع دکھانے اور ان کے نام لکھنے سے متعلق ہیں۔ ہر ایک 5 نمبر کا ہے۔

(vii) **دنیا** اور **ہندوستان** کے خاکے جو آپ کو پرچہ کے ساتھ دیئے گئے ہیں، انہیں اپنی جوابی کاپی کے ساتھ جوڑکر واپس لوٹانا ضروری ہے۔

(viii) نقشوں کے خاکے بنانے کے لیے **سٹینسلوں** کے استعمال کی اجازت ہے۔

www.careerindia.com

.1 ہندوستانی بندرگاہیں بین الاقوامی تجارت کو سنبھالنے میں بہت کارآمد کیوں ہیں ؟ ثابت کیجیے۔ 1

.2 ہندوستان میں آبادی کی زراعتی (Agricultural) کثافت اصطلاح کی تعریف بیان کیجیے۔ 1

.3 یکساں مسافت والے خطوط (Isochrone Lines) اصطلاح کی تعریف بیان کیجیے۔ 1

.4 تجارت کا توازن (Balance of Trade) کا مطلب بیان کیجیے۔ 1

.5 ''ہندوستان کی دوسری ریاستوں کے مقابلے میں کیرالا اور میزورم میں خواندگی (literacy) شرح زیادہ ہے۔'' بیان کیجیے۔ 1

6. انسانی ترقی کے کوئی دو کلیدی علاقے (key areas) بیان کیجیے۔ ½ + ½ = 1

7. ریاستہائے متحدہ امریکہ (U.S.A.) اور کناڈا کے شہری علاقوں میں مردوں کے مقابلے میں عورتوں کی تعداد زیادہ کیوں ہے؟ ایک وجہ بیان کیجیے۔ 1

8. قابل گزراں ترقی (sustainable development) کے لیے پانی کی بازتشکیل (recycle) اور دوبارہ استعمال (reuse) سے جڑی انسانی قدروں کو بیان کیجیے۔ 3

9. دنیا میں 'منصوبہ بند دیہی بستیوں' (planned rural settlements) کی کوئی تین خصوصیات بیان کیجیے۔ 3 × 1 = 3

10. نیچے دی گئی جدول (Table) کا مطالعہ کیجیے اور اس کے نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے : 3

**ہندوستان - مدارج کے اعتبار سے شہروں اور قصبوں کی تعداد اور ان کی آبادی، 2001**

| مدارج | آبادی | تعداد | آبادی (ملین میں) | کل شہری آبادی کا فی صد | فی صد افزائش (1991-2001) |
|---|---|---|---|---|---|
| سبھی مدارج کا جمع | | 5161 | 285.35 | 100 | 31.13 |
| I | 1,00,000 اور زیادہ | 423 | 172.04 | 61.48 | 23.12 |
| II | 50,000 - 99,999 | 498 | 34.43 | 12.3 | 43.45 |
| III | 20,000 - 49,999 | 1386 | 41.97 | 15.0 | 46.19 |
| IV | 10,000 - 19,999 | 1560 | 22.6 | 8.08 | 32.94 |
| V | 5,000 - 9,999 | 1057 | 7.98 | 2.85 | 41.49 |
| VI | 5,000 سے کم | 227 | 0.8 | 0.29 | 21.21 |

www.careerindia.com

CAREERINDIA

(10.1) ہندوستانی شہروں کے کس درجے (کلاس) میں شہروں کی تعداد سب سے کم ہے؟

(10.2) ہندوستانی شہروں کے کس درجے (کلاس) میں 1991 سے لے کر 2001 تک سب سے زیادہ اضافہ دکھایا گیا ہے؟

(10.3) اس درجے (کلاس) کے شہروں میں میں سب سے زیادہ اضافہ ہونے کا خاص سبب بیان کیجیے۔ **3 = 1 + 1 + 1**

**نوٹ :** درج ذیل سوال صرف **نابینا طلباء** کے لیے سوال نمبر **10** کی بجائے :

(10.1) ہندوستانی شہروں کے مدارج (کلاسوں) کی تعداد بیان کیجیے۔

(10.2) درجہ II (Class II) کے شہروں کی آبادی کا سائز کیا ہے؟

(10.3) 'بلداعظم شہری گچھے' (urban agglomeration) کا مطلب دیجیے۔

11. ''اگر ہم شہری کچرے (Urban Waste) کا استعمال وسیلے کی شکل میں کرتے ہیں اور اس کا ٹھیک ڈھنگ سے استعمال کرتے ہیں تو یہ ہندوستان میں لوگوں کے لیے بہت ہی کارآمد ہوگا۔'' اس قول کی تائید کیجیے۔ **3**

12. ''ہندوستانی معشیت کے مختلف شعبوں کے لیے توانائی کو پیدا کرنے کے لیے قدرتی ایندھن (fossil fuels) لازمی ہیں۔'' اس قول کی تائید کیجیے۔ **3**

13. ماحولیاتی جبریت (environmental determinism) کے کوئی تین پہلو بیان کیجیے۔ **3 × 1 = 3**

www.careerindia.com

CAREERINDIA

14. درج ذیل جدول (Table) کا مطالعہ کیجیے اور اس کے نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے :

**ہندوستانی ریلوں کے ذریعہ 1971-1970 سے 2011-2010 میں مال کی ڈھلائی (کروڑ ٹن میں) اور مسافروں (کروڑ میں) کی تعداد**

| اشیاء | 1970-71 | 2010-11 |
|---|---|---|
| کوئلہ | 47.9 | 268.3 |
| خام مال فولاد کے کارخانے کے لیے | 16.1 | 9.8 |
| خام لوہا اور تیار فولاد | 6.2 | 32.2 |
| خام لوہا | 9.8 | 46.4 |
| سیمنٹ | 11 | 57.0 |
| غذائی اشیاء | 15.1 | 52.0 |
| کیمیائی کھاد | 4.7 | 40.7 |
| پیٹرولیم | 8.9 | 26.1 |
| دیگر اشیاء | 48.2 | 52.3 |
| **کل ٹریفک** | **167.9** | **584.7** |
| **مسافر (کروڑ میں)** | **2431** | **7651.1** |

(14.1) ریلوں کے ذریعے 71-1970 سے لے کر 11-2010 تک کس مد (commodity) کی ڈھلائی میں کم ہونے کی علامت دکھائی گئی ہے؟

(14.2) ریلوں کے ذریعے 71-1970 سے 11-2010 کے درمیان ڈھلائی کی کس مد (commodity) میں سب سے زیادہ ٹن اضافہ دکھایا گیا ہے؟

(14.3) اس مد (commodity) میں ڈھلائی کے سب سے زیادہ اضافے کے اسباب کا تجزیہ کیجیے۔ **1 + 1 + 3 = 5**

**نوٹ :** درج ذیل سوال صرف **نابینا طلباء** کے لیے سوال نمبر **14** کے بجائے :

(14.1) میٹرو ریل کے کیا معنی ہیں؟

(14.2) اسٹیم انجنوں کی جگہ الیکٹرک انجنوں کو بدلنے کی ایک وجہ بتایئے۔

(14.3) تجارت کو ترقی دینے میں ریلوں کی اہمیت بیان کیجیے۔ **1 + 1 + 3 = 5**

www.careerindia.com

CAREERINDIA

15. ''دنیا میں تجارتی مویشی پالن منظّم اور سرمایہ کاری پر مبنی سرگرمی ہے۔'' اس قول کو ثابت کیجیے۔ **5**


16. ہندوستان میں مردوں اور عورتوں کے نقل مکانی (migration) کے خاص اسباب کا جائزہ لیجیے۔ **2½ + 2½ = 5**

17. ہائی ٹیک صنعت (high tech industry) کی کوئی پانچ خصوصیات بیان کیجیے۔ **5 × 1 = 5**

18. آبادی کی کثافت کا کیا مطلب ہے؟ دنیا میں آبادی کی تقسیم کو متاثر کرنے والے جغرافیائی عوامل بیان کیجیے۔ **1 + 4 = 5**

19. ہندوستان میں گیہوں کی کاشت (کھیتی) کے لیے جغرافیائی حالات اور پیداواری علاقوں کو بیان کیجیے۔ **3 + 2 = 5**

20. درج ذیل نقشے کا مطالعہ کیجیے اور اس کے نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے: **5**




(20.1) نہر کے دونوں طرف واقع سمندری بندرگاہوں کے نام لکھیے۔

(20.2) یہ نہر کس ملک میں واقع ہے؟

(20.3) سوئیز نہر راستے کا مقابلہ کیپ آف گڈ ہوپ سمندری راستہ (Cape of Good Hope Route) سے ڈھلائی، وقت اور دوری کے حوالے سے کیجیے۔ **1 + 1 + 3 = 5**



www.careerindia.com

CAREERINDIA

**نوٹ** : درج ذیل سوال صرف **نابینا طلباء** کے لیے سوال نمبر **20** کے بجائے :

(20.1) سوئیز نہر کے دونوں طرف واقع سمندری بندرگاہوں کے نام لکھیے۔

(20.2) یہ نہر کس ملک میں واقع ہے؟

(20.3) اس نہر کی تجارتی اہمیت کو بیان کیجیے۔ **1 + 1 + 3 = 5**

21. دنیا کے سیاسی نقشے کے خاکے میں پانچ جغرافیائی خصوصیات A، B، C، D اور E دکھائی گئی ہیں۔ ان خصوصیات کو نیچے دی گئی معلومات کی مدد سے پہچانئے اور ان کے نزدیک کھینچی گئی لائنوں پر ان کے صحیح نام لکھیے : **5 × 1 = 5**

(A) خودکفالتی خوراک جمع کرنے (subsistence gathering) کا ایک علاقہ

(B) افریقہ میں سب سے کم آبادی کی کثافت والا ملک

(C) ایک پار براعظمی ریلوے

(D) ایک ہوائی اڈا

(E) ایک سمندری بندرگاہ

**نوٹ** : درج ذیل سوال صرف **نابینا طلباء** کے لیے سوال نمبر **21** کے بجائے :

(21.1) دنیا میں کسی ایک خودکفالتی خوراک جمع کرنے والے علاقے کا نام لکھیے۔

(21.2) افریقہ میں سب سے کم آبادی کی کثافت والے ملک کا نام لکھیے۔

(21.3) دنیا میں سب سے لمبے پار براعظمی ریلوے مارگ کا نام لکھیے۔

(21.4) جاپان کے کسی بڑے ہوائی اڈے کا نام لکھیے۔

(21.5) برازیل کی کسی ایک اہم سمندری بندرگاہ کا نام لکھیے۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA

22. **ہندوستان** کے دیئے گئے سیاسی نقشے کے خاکے پر درج ذیل کو تلاش کیجیے اور مناسب نشانوں سے دکھائیے اور ان کے نام لکھیے : **1 × 5 = 5**

(i) 2011 کی مردم شماری کے مطابق سب سے زیادہ شہری آبادی کی شرح والی ریاست کا نام لکھیے۔

(ii) HDI میں سب سے زیادہ (اونچی) سطح والی ریاست

(iii) کافی (Coffee) کی سب سے زیادہ پیداوار والی ریاست

(iv) راجستھان میں سب سے اہم تانبہ کی کان کا علاقہ

(v) ایک دریائی (riverine) بندرگاہ

**نوٹ :** درج ذیل سوال صرف **نابینا طلباء** کے لیے سوال نمبر **22** کے بجائے :

(22.1) ہندوستان کی سب سے زیادہ شہری آبادی کی شرح والی ریاست کا نام لکھیے۔

(22.2) ہندوستان کی HDI میں سب سے زیادہ (اونچی) سطح والی ریاست کا نام بتائیے۔

(22.3) ہندوستان کی کس ریاست میں سب زیادہ کافی کی پیداوار ہوتی ہے؟

(22.4) راجستھان میں کسی ایک اہم تانبے کی کان کے علاقے کا نام لکھیے۔

(22.5) ہندوستان کی دریائی (riverine) سمندری بندرگاہ کا نام لکھیے۔

---

www.careerindia.com

CAREERINDIA

www.careerindia.com

www.careerindia.com

www.careerindia.com

www.careerindia.com